**BUDLA-135**

**B.A. (URDU) (CBCS)**

**(BAG)**

**Term-End Examination**

**December, 2022**

# BUDLA-135 : STUDY OF MODERN URDU PROSE AND POETRY

*Time : 3 hours* *Maximum Marks : 100*

---

**ہدایات:** یہ سوال نامہ تین حصوں **A ,B** اور **C** پر مشتمل ہے۔ ہر حصے کے سبھی سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ سوالوں کے نمبر اُن کے سامنے درج ہیں۔

---

*5×8=40*

## SECTION A

**1.** درج ذیل اشعار کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے۔

نگاہ یار جسے آشنائے راز کرے
وہ اپنی خوبیٔ قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے

دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

مہربانی کو محبت نہیں کہتے اے دوست
آہ اب مجھ سے تری رنجش بیجا بھی نہیں

اک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

یا

مآل سوز غم ہائے نہانی دیکھتے جاؤ
بھڑک اٹھی ہے شمع زندگانی دیکھتے جاؤ

ابھی کیا ہے کسی دن خوں رلائے گی یہ خاموشی
زبان حال کی جادو بیانی دیکھتے جاؤ

تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہ آئینہ ساز میں

نہ کہیں جہاں میں اماں ملی، جو اماں ملی تو کہاں ملی
مرے جرم خانہ خراب کو ترے عفو بندہ نواز میں

**2.** درج ذیل بندوں میں سے کسی دو کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے۔

**(الف)**

پھر کوئی آبادیِ زار نہیں کوئی نہیں
راہ رو ہو گا کہیں اور چلا جائے گا

ڈھل گئی رات بکھرنے لگا تاروں کا غبار
لڑکھڑانے لگے ایوانوں میں خوابیدہ چراغ

سو گئی راستہ تک تک کے ہر ایک راہ گذار
اجنبی خاک نے دھندلا دیے قدموں کے سراغ

(ب)

یہ روپہلی چھاؤں یہ آکاش پہ تاروں کا جال
جیسے صوفی کا تصور جیسے عاشق کا خیال
آہ! لیکن کون جانے کون سمجھے دل کا حال
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

(ج)

لیکن میں یہاں پھر آؤں گا
بچوں کے دہن سے بولوں گا
چڑیوں کی زباں سے گاؤں گا
جب بیج ہنسیں گے دھرتی میں
اور کونپلیں اپنی انگلی سے
مٹی کی تہوں کو چھوڑیں گی

میں پتی پتی کلی کلی

اپنی آنکھیں پھر کھولوں گا

سرسبز ہتھیلی پر لے کر

شبنم کے قطرے تولوں گا

میں رنگ حنا آہنگ غزل

انداز سخن بن جاؤں گا

(د)

پردہ جو اٹھایا بادل کا دریا پہ تبسم دوڑ گیا

چلمن جو گری بدلی کی، میدان کا دل گھبرانے لگا

ابھرا تو بجلی دوڑ گئی، سلجھا تو ضیا برسانے لگا

کیا کاوش نور و ظلمت ہے، کیا قید ہے کیا آزادی ہے

انساں کی تڑپتی فطرت کو مفہوم سمجھ میں آنے لگا

**3.** درج ذیل میں سے کسی دو کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔

**(الف)**

اے آسمانوں کی روشنی اور اے ناامید دلوں کی تسلی امید تیرے ہی شاداب اور سرسبز باغ سے ہر ایک محنت کا پھل ملتا ہے۔ تیرے ہی پاس ہر درد کی دوا ہے۔ تجھی سے ہر ایک رنج میں آسودگی ہے۔ عقل کے درمیاں جنگلوں میں بھٹکتے بھٹکتے تھکا ہوا مسافر تیرے ہی گھنے باغ کے سرسبز درختوں کے سایہ کو ڈھونڈھتا ہے۔ وہاں کی ٹھنڈی ہوا خوش الحان جانوروں کے راگ، بہتی نہروں کی لہریں اس کے دل کو راحت دیتی ہیں۔ اس کے مرے ہوئے خیالات کو پھر زندہ کرتی ہیں تمام فکریں دل سے دور ہوتی ہیں۔

**(ب)**

یہاں میرے سامان میں ایک چھتری بھی آگئی ہے، یہ اٹھائی اور اعلانِ جنگ کر دیا۔ تھوڑی ہی دیر میں معلوم ہو گیا کہ اس کوتاہ

دستی کے ساتھ ان حریفان شقف و محراب کا مقابلہ ممکن نہیں ،حیران ہو کر کبھی چھتری کی نارسائی کو دیکھتا کبھی حریفوں کی بلند آشیانی۔

اب کسی دوسرے ہتھیار کی تلاش ہو گی۔ برآمدہ میں جالا صاف کرنے والا بانس پڑا ہوا تھا دوڑتا ہوا گیا اور اسے اٹھالایا۔اب کچھ نہ پوچھیے کہ میدانِ کارزار میں کس زور کا رن پڑا۔

(ج)

چارپائی ہندوستان کی آب وہوا، تمدن ومعاشرت اور ضرورت وایجاد کا آخری اور بہترین نمونہ ہے۔ہندوستان اور ہندوستانیوں کی مانند شکستہ حال،داغدار،ڈھیلی ڈھالی،بے سروسامان لیکن ہندوستانیوں کی طرح غالب وحکمراں کے لیے ہر قسم کا سامانِ راحت فراہم کرنے کے لیے آمادہ رہتی ہے۔کوچ اور صوفا کے مریض اور ڈرائنگ روم کے امیر اس

راحت وعافیت کا کیااندازہ لگا سکتے ہیں جو بانوں کی کھری چارپائی پر میسر آتی ہے۔خیام و حافظ نے انسان کی حقیقی مسرت و کامرانی کے لیے بعض چیزیں منتخب کرلی تھیں مثلاً دو سچے دوست۔

**4.** درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک نثر نگار کے حالاتِ زندگی بیان کیجیے۔

(i) ابوالکلام آزاد

(ii) سر سیّد احمد خاں

**5.** درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔

(i) حسرت موہانی

(ii) فیض احمد فیض

*6×5=30* **SECTION B**

**6.** درج ذیل سوالوں میں سے 6 کے جواب تحریر کیجیے۔ ۔

(i) جدید نثر نگاروں میں سے تین کے نام لکھیے۔

(ii) پریم چند کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیے۔

(iii) ابوالکلام آزاد کی اس کتاب کا نام بتایئے جس سے چڑیا چڑے کی کہانی لی گئی ہے۔

(iv) حالی کی لکھی ہوئی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیے۔

(v) علامہ اقبال کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

(vi) فیض احمد فیض کے تین شعر لکھیے۔

(vii) فانی بدایونی کے تین شعر لکھیے۔

(viii) علی سردار جعفری کی شاعری کی خصوصیات پر ایک پیراگراف لکھیے۔

## SECTION C

*3×10=30*

7. فراق گورکھپوری کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

8. جدید اُردو نظم نگاری میں جوشؔ کے مقام کا تعین کیجیے۔

9. پریم چند کی افسانہ نگاری پر ایک مدلل نوٹ لکھیے۔

---